**18.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت زمینی سطح پر گرام سوراج نافذ کرنے کیلئے پورے اخلاص کے ساتھ کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے Svamitva اسکیم کے تحت ملکیت کے 65 لاکھ کارڈ الاٹ کیے۔

☆ عالمی بینک نے بھارت کیلئے چھ اعشاریہ سات فیصد کی ترقی کا اندازہ ظاہر کیا ہے۔ اگلے دو مالی برسوں میں ملک، سب سے زیادہ تیزی کے ساتھ بڑھنے والی بڑی معیشت کا درجہ برقرار رکھے گا۔

☆ مغربی بنگال کی ایک عدالت نے R.G Kar میڈیکل کالج عصمت دری اور قتل معاملے میں سنجے رائے کو مجرم قرار دیا ہے۔ سزا پیر کو سنائی جائے گی۔

☆ مرکز نے جموں کے راجوری ضلع میں پُراسرار ہلاکتوں کی وجہ پتہ کرنے کیلئے بین وزارتی ٹیم تشکیل دی ہے۔

☆ اسرائیل-غزہ معاہدہ، کل سے نافذ العمل ہوگا، جو جنگ بندی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

☆ کھوکھو کے عالمی کپ میں بھارت کی خواتین کی ٹیم، جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ اور...... انڈیا اوپن بیڈمنٹن میں ستوک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی مردوں کے ڈبلز میں ہار گئی ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Svamitva***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے جائیداد کے مالکوں کو Svamitva اسکیم کے تحت 65 لاکھ پراپرٹی کارڈ تقسیم کیے۔ 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 50 ہزار گاؤں میں یہ پراپرٹی کارڈ تقسیم کیے گئے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم دیہی معیشت کیلئے اِسے تاریخی دن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ Svamitva اسکیم کے نفاذ کے بعد سے پچھلے پانچ برسوں میں دو کروڑ 25 لاکھ ملکیت کے دستاویزات جاری کیے گئے ہیں۔

2100-PM- Svamitva Card

وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت زمینی سطح پر گرام سوراج قائم کرنے کیلئے تندہی سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ Svamitva یوجنا نے دیہات کی ترقی کی منصوبہ بندی اور اِس پر عمل آوری کو خاطر خواہ حد تک بہتر کیا ہے اور اِس سے ملک میں 100 لاکھ کروڑ اقتصادی امکانات پیدا ہوں گے، جو لوگوں کی اقتصادی بااختیاری میں اہم ترین ثابت ہوں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ Svamitva اسکیم، دیہی معیشت کو ترقی کا بنیادی ستون بنا دے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ حکومت، زمینی ریکارڈس کو ڈیجیٹل شکل دینے کیلئے کام کر رہی ہے اور اب تک 23 کروڑ bhu آدھار نمبر جاری کیے جاچکے ہیں۔

2100- PM Property Documents

وزیر اعظم نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت کی تشکیل میں خواتین، اہم رول ادا کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی بااختیاری اُن کی حکومت کی توجہ کا ایک اہم مرکز ہے اور ہر بڑی اسکیم میں خواتین کو مرکزی حیثیت دی جاتی ہے۔

1400- PM on Women

2020 میں شروع کی گئی Svamitva اسکیم کا مقصد دیہی علاقوں میں جائیدار کے مالکان کو اُن کے حقوق کے ریکارڈس مہیا کرانا ہے تاکہ دیہی بھارت میں اقتصادی ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔ یہ اسکیم، پڈوچیری، انڈمان نکوبار جزائر، تریپورہ، گوا، اتراکھنڈ اور ہریانہ میں پورے طور پر پہنچ چکی ہے۔ مدھیہ پردیش، اترپردیش، چھتیس گڑھ اور مرکز کے زیر انتظام کئی علاقوں میں ڈرون سے سروے کیے جانے کا کام بھی مکمل ہوچکا ہے۔ x

## Maha E Property Cards

مہاراشٹر کے محصول کے محکمے کے وزیر چندر شیکھر Bawankule نے کہا ہے کہ Swamitva یوجنا کے تحت ای-پروپرٹی کارڈ سے ریاست کے 15 ہزار گاؤوں کو فائدہ ہوگا۔ ناگپور میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے مطلع کیا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر، Bhandara اور دُھلے اضلاع میں ان کی تقسیم شروع ہوچکی ہے۔ مہاراشٹر وردھا ضلعے کے Pavanar کی ایک مستفید وَرشا Manglurkar نے بتایا کہ اُن کا کنبہ علاقے میں ایک ریسٹورینٹ چلاتا ہے۔ ای-پروپرٹی کارڈ کی مدد سے اُنھیں قرض مل پایا جس کے سبب وہ اپنے کام کو بڑھا پائیں۔

S/B Varsha Manglurkar

Zadgaon کی ایک مستفید Seema Kurudkar نے ای-پروپرٹی کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے اپنے لئے قرض لینے کے بارے میں بتایا۔ اُنھیں امید ہے کہ وہ اپنے بچوں کو بہتر تعلیم فراہم کر پائیں گی اور اپنا خود کا چھوٹا سا کاروبار شروع کرسکیں گی۔

S/B Seema Kurudkar

## India Economy

عالمی بینک نے بھارت کیلئے چھ اعشاریہ سات فیصد کی ترقی کا اندازہ ظاہر کیا ہے، جو دو اعشاریہ سات فیصد

کی عالمی ترقی سے کہیں زیادہ ہے۔ عالمی بینک کی عالمگیر اقتصادی امکانات GEP کے جنوری 2025 کے ایڈیشن کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت، عالمی اقتصادی منظر نامے پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے اور یہ اگلے دو مالی برسوں میں تیزی سے ابھرتی ہوئی ایک بڑی معیشت کا اپنا درجہ برقرار رکھے گا۔ GEP کی رپورٹ میں اِس غیر معمولی رفتار کیلئے فروغ حاصل کرتے ہوئے سروس سیکٹر اور دوبارہ زندگی حاصل کیے ہوئے مینوفیکچرنگ شعبے کو کریڈٹ دیا گیا ہے اور اِن سب کی وجہ، حکومت کی کایا پلٹ کر دینے والی اسکیمیں ہیں۔

بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری سے ٹیکسوں کو سادہ کیے جانے تک، یہ تمام اقدامات، ملک کی ترقی کو آگے بڑھا رہے ہیں اور بھارت کو عالمی اقتصادی استحکام کے ایک میل کے پتھر کا مقام عطا کر رہے ہیں۔

رپورٹ میں یہ پیشگوئی بھی کی گئی ہے کہ چین کی اقتصادی ترقی میں اگلے برس 4 فیصد کی کمی آئے گی۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ملک کے سروس سیکٹر کی ترقی کی رفتار بہت زیادہ رہنے کی امید ہے، جبکہ مینوفیکچرنگ کی سرگرمیوں کو استحکام ملے گا۔ ملک میں نجی کھپت کو بھی فروغ حاصل ہوگا، جس کو مضبوط لیبر مارکیٹ، قرضوں تک زیادہ رسائی اور افراطِ زر میں کمی، رُخ عطا کرے گی۔عالمی بینک کی رپورٹ کو تکمیلی صورت عطا کرتے ہوئے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF، عالمی اقتصادی outlook، WTO کی تازہ ترین رپورٹ میں بھی بھارت کے مضبوط اقتصادی سفر کی بات کو تقویت عطا کی ہے۔IMF کی پیشگوئی ہے کہ 2025 اور 2026 کے مالی برس کیلئے بھارت کی ترقی، چھ اعشاریہ پانچ فیصد ہی رہے گی۔ x

## *PM Mann Ki Baat*

وزیر اعظم نریندر مودی کل آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 118 واں ایپی سوڈ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، آل انڈیا ریڈیو نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپس سے نشر کیا جائے گا۔ اِسے airnews، ڈی ڈی نیوز، PMO اور اطلاعات اور ٹیکنالوجی کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں سے بھی براہ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام نشر کیا جائے گا۔ x

## *Mahakumbh Namami Gange Pavilion*

اب خبریں مہاکنبھ 2025 سے.................

Opening Montage Mahakumbh

جل شکتی کی وزارت کے نمامی گنگے مشن نے پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ 2025 میں نمامی گنگے کا ایک بڑا پویلین قائم کیا ہے جو سب کی توجہ کا مرکز بن رہا ہے۔ یہ پویلین دریائے گنگا کے احیا اور صفائی ستھرائی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کا ایک انوکھا ذریعہ بنا ہوا ہے۔ جدید ترین ٹیکنالوجی، اختراعی ڈسپلے اور معلوماتی وسیلوں کے ساتھ یہ پویلین سبھی عمر کے افراد کو راغب کر رہا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

VC Anand Kumar

پویلین کو دیکھنے آنے والے افراد سب سے پہلے بایو ڈائیورسٹی ٹنل سے ہوکر گزرتے ہیں جس میں وہ پروجیکشن کی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے دریائے گنگا کے کنارے پائی جانے والی حیاتی تنوع اور چڑیوں کی چہچہاہٹ کا لطف لیتے ہیں۔ اس پویلین کی ایک خصوصیت ڈیجیٹل نمائش ہے جس میں گنگا ندی کے احیا اور صفائی ستھرائی کیلئے کئے گئے مختلف اقدامات کی عکاسی کی گئی ہے۔ نمامی گنگے مشن میں مہاکنبھ 2025 میں آنے والے مہمان سے یہ اپیل بھی کی ہے کہ وہ دریائے گنگا کی صفائی ستھرائی کے بارے میں بیداری حاصل کریں کیونکہ گنگا محض ایک دریا نہیں بلکہ بھارت کی ثقافت اور تاریخ کا ایک اٹوٹ حصہ ہے۔

پریاگ راج سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## WB-RG Kar Verdict

مغربی بنگال میں سیالدہ کی ایک عدالت نے RG Kar میڈیکل کالج عصمت دری اور قتل معاملے میں سنجے رائے کو مجرم قرار دیا ہے۔ اِس معاملے میں سزا پیر کے روز سنائی جائے گی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے کہا کہ CBI کی جانب سے داخل کئے گئے شواہد سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ سنجے رائے اِس واقعے میں قصوروار ہے۔ گذشتہ برس 9 اگست کو RG Kar میڈیکل کالج کے ایک سیمینار ہال سے PGT ڈاکٹر کی لاش برآمد ہوئی تھی۔ سنجے رائے کو اگلے دن کولکتہ پولیس نے حراست میں لے لیا تھا۔ بعد میں اُسے CBI کو سونپ دیا گیا تھا۔ CBI نے چارشیٹ داخل کی تھی جس میں اُس نے سنجے رائے کو ملزم قرار دیا تھا۔ 8 اور 9 اگست کی درمیانی رات میں PGT ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کا معاملہ پیش آیا تھا۔x

## Midnapore Doctors Protest

مغربی بنگال میں مِدنا پور میڈیکل کالج اور اسپتال کے جونیئر ڈاکٹروں نے ایک بچے کو جنم دینے کے بعد ایک خاتون کی موت کے تناظر میں 6 جونیئر ڈاکٹروں کو معطل کیے جانے کے خلاف احتجاج کیا۔ کالج کے MSVP سمیت 12 ڈاکٹروں کو suspend کیا گیا۔ 13 ممبران پر مشتمل کمیٹی اور CID کی جانب سے ریاستی سرکار کو رپورٹ پیش کیے جانے کے بعد یہ معطّلی کی گئی۔ معطل کیے گئے ڈاکٹروں کے خلاف ایک FIR بھی درج کی گئی ہے۔ خواتین کمیشن کی ممبر، ڈاکٹر ارچنا مجمدار نے آج مدناپور میڈیکل کالج کے حکام سے ملاقات کی۔ جونیئر ڈاکٹروں نے بھی محترمہ مجمدار سے ملاقات کی۔ x

## Shah Jammu Inquiry

مرکزی وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے جموں کے راجوری ضلعے میں ہلاکتوں کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے ایک بین وزارتی ٹیم تشکیل دیئے جانے کے احکامات دیئے ہیں۔ وزارت داخلہ کی قیادت میں یہ ٹیم، پچھلے چھ ہفتوں کے دوران تین واقعات میں اِن ہلاکتوں کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے متاثرہ گاؤں کا دورہ کرے گی۔

یہ ٹیم، صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت، زراعت کی وزارت، کیمیکل اور کیمیاوی کھادوں کی وزارت آبی وسائل کی وزارت کے ماہرین پر مشتمل ہوگی۔ مویشی پروری، غذا کی یقینی فراہمی اور اِن سے سائنس لیب کے ماہرین بھی اِن کے ساتھ ہوں گے۔ یہ ٹیم کل روانہ ہوگی اور مقامی انتظامیہ کی شراکت سے فوری راحت فراہم کرنے نیز مستقبل میں اِس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے احتیاطی اقدامات کیلئے بھی کام کرے گی۔ x

## ECI Nomination Data

70 رکنی دلّی اسمبلی کے انتخابات کیلئے کُل ایک ہزار 521 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن کے مطابق کل، پرچے داخل کرنے کے آخری دن 680 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے گئے۔ انتخابی کمیشن نے بتایا کہ سب سے زیادہ تعداد میں پرچے، نئی دلّی اسمبلی حلقے کیلئے داخل کیے گئے ہیں۔ آج پرچوں کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے اور امیدواروں کیلئے اپنے نام واپس لینے کی آخری تاریخ، اِس ماہ کی 20 تاریخ ہے۔ x

## Haryana SGPC Election

ہریانہ -سکھ گرودوارا پربندھک کمیٹی HSGPC کے انتخابات کل ہوں گے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ہریانہ - سنگھ گرو دورارا منتظمہ کمیٹی کی 40 سیٹوں کے انتخاب کیلئے کُل 164 امیدوار میدان میں ہیں۔ Tohana سے اتفاق رائے سے ایک امیدوار کو منتخب کرلیا گیا ہے۔ ووٹنگ کیلئے ہریانہ کے 22 ضلعوں کے 40 وارڈس میں پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ اِن مراکز پر 3 لاکھ 50 ہزار سے زیادہ ووٹر اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کریں گے۔ الیکشن کے پیش نظر مختلف ضلعوں میں بھارت کے شہری سلامتی کے ضابطوں کی دفعہ 163 نافذ کیے جانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ ہریانہ گرودوارا انتخابی کمیشن کے رجسٹرار بھوپیندر سنگھ نے بتایا۔

S/B: Bhupendra Singh

انتخابات کے نتائج آنے کے بعد منتخب ممبران HSGPC کے صدر سمیت مختلف عہدیداروں کا انتخاب کریں گے۔ x

## Israel Ceasefire

اسرائیل، غزہ جنگ بندی اور یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی سے متعلق معاہدے کے پہلے مرحلے کے تحت 735 فلسطینی قیدیوں کو رہا کرے گا، جس پر اُس نے حماس کے ساتھ اتفاق کیا تھا۔ اسرائیل کی وزارت انصاف نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس معاہدے کا اطلاق کل سے ہوگا اور یہ تین مراحل پر مبنی ہوگا۔ پہلے مرحلے کے تحت 42 دنوں کے دوران یرغمال بنائے گئے 33 اسرائیلیوں کے رہا کئے جانے کا امکان ہے۔ وزارت نے 25 نابالغوں اور 16 اور 18 برس کے درمیان افراد کے علاوہ، رہا کئے جانے والے سبھی قیدیوں کے نام جاری کئے ہیں۔ وزارت کا یہ بیان اسرائیلی حکومت کی جانب سے منظوری کے کچھ دیر بعد ہی جاری کیا گیا ہے جس سے کُل سے معاہدے کے نفاذ کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔x

## Iran Judge Killed

ایران کے شہر تہران میں سپریم کورٹ کی عمارت کے باہر حملہ آور کی طرف سے چلائی گئی گولیوں کے سبب دو جج ہلاک ہوگئے۔ سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ سپریم کورٹ کے تین ججوں کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ دو موقع پر ہی ہلاک ہوگئے اور ایک جج زخمی ہوگئے۔ میڈیا کی رپورٹوں کے مطابق حملہ آور نے گولیاں چلانے کے فوراً بعد خود کو بھی ہلاک کر دیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حملے کا مقصد ابھی تک غیر واضح ہے۔ حملہ آور کا عدالت میں کوئی معاملہ التوا میں نہیں تھا اور دونوں ججوں کی صدارت والی شاخوں میں سے کسی کا بھی مؤکل نہیں تھا۔x

## Bangladesh Drop Secularism

بنگلہ دیش میں نوبیل انعام یافتہ ڈاکٹر محمد یونس کی انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ آئین کی اصلاحات سے متعلق کمیشن نے آئین سے سیکولرزم، قومیت اور اشتراکیت کو ہٹائے جانے کی سفارش کی ہے۔ پروفیسر علی ریاض کی قیادت والے کمیشن نے ملک کیلئے Bicameral، دو ایوانی پارلیمنٹ کی تجویز بھی پیش کی ہے۔ وزیر اعظم کی مدت کے سلسلے میں دو ٹرم کی حد اور آئین میں ترمیم کیلئے ریفرینڈم کی شق کو بحال کیے جانے کی بھی تجویز ہے۔

نومبر میں ڈاکٹر یونس انتظامیہ کی جانب سے عہدہ سنبھالے جانے کے فوراً بعد بنگلہ دیش کے اٹارنی جنرل محمد اسد الزماں نے ملک کے آئین سے سوشلزم اور سیکولرزم کے الفاظ ہٹائے جانے کی بات کہی تھی۔

ایجنسی کی رپورٹوں کے مطابق اسد الزماں کی دلیل تھی کہ سوشلزم اور سیکولرزم، ایک ایسے ملک کی حقیقی حالت کا اظہار نہیں کرتے، جہاں آبادی کا 90 فیصد مسلمانوں پر مشتمل ہے۔ x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، راجستھان، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں رات کے وقت گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔IMD نے کہا ہے کہ کل تک تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ نے مزید کہا ہے کہ اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران گجرات ضلع میں درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس اضافہ ہوسکتا ہے۔IMD کے مطابق آئندہ ہفتے کے شروع میں پنجاب، ہریانہ، دلّی، شمالی راجستھان اور مغربی اترپردیش میں دور دور تک بارش کا بھی امکان ہے۔x

## Kho Kho World Cup

کھوکھو کے عالمی کپ 2025 میں پرینکا Ingli کی قیادت والی خواتین کی ٹیم، آج شام نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کو 16 کے مقابلے 66 سے ہراکر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارتی ٹیم کا کل فائنل میں نیپال سے مقابلہ ہوگا۔ اِس سے قبل نیپال نے یوگانڈا کو 18 کے مقابلے 89 سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی۔

مردوں کے زمرے میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان اسی مقام پر سیمی فائنل میچ جاری ہے۔ x

## BCCI ICC Squad

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے ICC چمپئنس ٹرافی 2025 اور انگلینڈ کے خلاف ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کیلئے 15 رکنی ٹیم کا اعلان کردیا ہے۔ کلدیپ یادو، جسپریت بمراہ اور محمد شامی کو بھارتی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ بھارت، فروری کے شروع میں انگلینڈ کے خلاف تین ایک روزہ میچ کھیلے گا جس کے بعد بھارتی ٹیم چمپئنس ٹرافی کیلئے دوبئی روانہ ہوجائے گی جو 19 فروری سے شروع ہوگی۔ بھارت، چمپئنس ٹرافی کے گروپ A میں ہے اور اپنا پہلا میچ 20 فروری کو بنگلہ دیش کے خلاف کھیلے گا۔ اس کے بعد بھارت کا مقابلہ 23 فروری کو پاکستان سے اور 2 مارچ کو نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ بھارتی ٹیم اپنے سبھی مقابلے دوبئی میں کھیلے گی۔x

## Badminton India Open

انڈیا اوپن بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز میں ستوک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کی شکست کے ساتھ ہی بھارت، اِس مقابلے سے باہر ہوگیا ہے۔ یہ جوری، ملیشیا کی نور اور Goh کی جوری سے آج شام نئی دلّی میں اٹھارہ-اکیس، چودہ-اکیس سے ہار گئی۔

اِس سے قبل سنگلز مقابلوں میں پی وی سندھو اور کرن جارج کے کل، اپنے اپنے کوارٹر فائنل میچوں میں شکست کے بعد بھارت کی سنگلز کی مہم بھی ختم ہوگئی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆